© rasailojaraid.com



بہت اچھا ہوتا اگر دعاؤں اور اذکار کے اس مجموعے میں ذکر و دعا کی حقیقت و ماہیت اور نظام دینی میں اس کا اصل مقام اور شکر و توبہ کی اصلیت پر تفصیلی بحث کر دی جاتی کہ عملی ناشکریوں کے ساتھ لسانی شکر اور دل کی غفلت کے ساتھ زبان کا ذکر اور گناہ سے نفرت کیے بغیر توبہ عبادت نہیں بلکہ ایک ورزش ہوتی ہے اور سارے دعاؤں اور وظائف کی قدر و قیمت اسی صورت میں ہے جب کہ پورا دین اختیار کر کے اس میں انھیں ٹھیک ان کی جگہ پر نصب کیا جائے۔

**ان پڑھ ہندوستان** - از جناب فرینک سی لاباخ۔ مترجم جناب ایچ سید فخر الحسن بی اے بی ٹی

قیمت معلوم نہیں۔ ملنے کا پتہ:- ادارہ اشاعت اردو، حیدر آباد دکن۔

اس کتاب میں تعلیم بالغاں کی مختلف مہموں کی مساعی اور ان کے نتائج کا سروے کیا گیا ہے ضمناً تعلیم بالغاں کے فن اور نفسیات پر بھی بعض تبصرہ درج ہے، نیز اس سلسلہ کے شائع شدہ لٹریچر کے متعلق بھی کافی معلومات جمع ہیں۔

ہمارے حلقہ کے لیے اس کتاب سے دلچسپی کے وجوہ موجود ہیں یعنی اس کی فراہم کردہ معلومات سے ہم اپنے ہاں کی تعلیم بالغاں کی اسکیم پر عمل کرنے میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

**شخصیت و کردار** - از جناب شیر محمد صاحب اختر۔ قیمت مجلد مع گرد پوش عا

ملنے کا پتہ:- ادارہ اشاعت اردو، حیدر آباد، دکن۔

اس کتاب کا موضوع فردی نفسیات و اخلاقیات ہے اور مؤلف نے خالص افادیت کے نقطۂ نظر سے شخصیت کی تکمیل اور کردار کے نشو و ارتقا کے مسائل پر گفتگو فرمائی ہے۔ قدرتی طور پر ایک اچھا انسان بنانے کے لیے آدمی کی سوچیں بیشتر اسی قانونِ اخلاقی کی طرف لپکتی ہیں جو خدا نے بنا کے نافذ کیا ہے اور جس کی وضاحت اس کے انبیاء نے کی ہے مگر ہدایات وحی سے بے نیاز ہو کر مؤلف نے زندگی کا مادی تصور اختیار کیا ہے جس نے انھیں افادی اخلاقیات کے خطوط پر دھکیلا ہے اور اس وجہ سے یہ کوشش حقیقی افادیت سے محروم ہو گئی ہے۔

تاہم اصحاب ذوق "دین مادیت" کے "تصوف" کا ایک خاکہ دلچسپ افسانوی زبان میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com